SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, September 14, 1999

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty two minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا یھا الذین ا منوا لا تتخذ وا ابآ ء کم و اخوانکم اولیآء ا ن ا
ستحبوا الکفر علی الایمان و من یتولھم منکم فا و لئک ھم
الظلمون O قل ا ن کان ابا ؤ کم و ابنا ؤ کم و اخوانکم و
ازواجکم و عشیر تکم و اموال نِ ا قتر فتموھا و تجار ۃ
تخشون کسا د ھا و مسٰکن تر ضو نھا احب الیکم من اللہ و
رسو لہ و جھاد فی سبیلہ فتر بصوا حتی یا تی اللہ بامرہ
واللہ لا یھد ی القوم الفٰسقین O

(ترجمہ) اے اہل ایمان! اگر تمہارے (ماں) باپ اور (بہن) بھائی ایمان کے مقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو اور جو ان سے دوستی رکھیں گے وہ

ظالم ہیں۔ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو خدا اور اس کے رسول سے اور خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ خدا اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے اور خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

جناب چیئرمین۔ جزاک اللہ۔

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

The following will form the Panel of Presiding Officers for this Session of the Senate:

1. Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder.
2. Senator Khudai Noor.
3. Senator Shafqat Mehmood.

کمال الدین انور صاحب کا انتقال ہو گیا ہے، ان کے لئے فاتحہ پڑھیں۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

جناب چیئرمین۔ Question Hour.

Mian Raza Rabbani: Sir, point of order.

Mr. Chairman: No point of order. After question hour....

Mian Raza Rabbani: Sir, point of privilege.

Mr. Chairman: It will come after question hour.

(interruption)

Mian Raza Rabbani: Sir, a genocide of the rights of the

federation is being committed, it is a breach of the privilege of the House. You look at ' Kaul ', 'Kaul' gives you the discretion...

جناب چیئرمین- اعتزاز صاحب! کیا کرنا ہے؟ اگر question hour نہیں کرنا تو I can do it without it. آپ بتائیں کرنا ہے کہ نہیں کرنا؟

(مداخلت)

Mr. Chairman: The Leader of the Opposition has been given the floor, let him tell me.

نہیں کرنا تو بتائیں کہ نہیں کرنا-

چوہدری اعتزاز احسن- جناب! question hour کرنا ہے-

جناب چیئرمین- تو پھر کیسے کرنا ہے؟

Ch. Aitzaz Ahsan: I think, Mian Raza Rabbani wants to explain that some matters can actually precede the question hour.

آپ ان کی بات سن لیں-

جناب چیئرمین-نہیں، رضا صاحب! آپ جانتے ہیں کہ question hour سے پہلے نہیں ہوتا- رضا صاحب! مہربانی کر کے question hour کے بعد کریں کیونکہ سارے بیٹھے ہیں، سب تیار ہیں-

میاں رضا ربانی- جناب! بیٹھے ہیں تو ہاؤس پر کونسا احسان کر رہے ہیں- فنانس منسٹر صاحب کہاں ہیں؟ یہ کیسی حکومت ہے؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین- اب جو وقت گزر رہا ہے وہ question hour میں سے کم ہو رہا ہے because the first hour is the question hour. Now every minute is being taken from the question hour. If you don't want to take the question

hour, fine with me. میں بعد میں بات سنوں گا اس وقت question hour ہے۔

So, I will call now question No. 1, Syed Iqbal Haider.

(interruption)

Mr. Chairman: Question No. 1, Syed Iqbal Haider. I will not allow anything before question hour.

نہیں کرنا تو بتا دیں، نہیں کریں گے۔ Question hour first. اقبال حیدر صاحب، سوال نمبر ۱۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No other point of order. Q. No. 1 Syed Iqbal Haider

اعتزاز صاحب! کیا کرنا ہے بتائیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے تو بتا دیں' question hour کو ختم کر دیتے ہیں کچھ اور شروع کر دیتے ہیں۔ لیکن یہ بتائیں کہ کیا کرنا ہے۔ مجھے آپ مجبور نہ کریں کہ I should have against the rules یہ rules ہیں۔ جی اعتزاز احسن صاحب، لیڈر آف دی اپوزیشن۔ اگر آپ نہیں چاہتے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ Every minute is going to the question hour آپ کے already دس منٹ نکل گئے ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن: نہیں جناب! دس منٹ تو ابھی نہیں ہوئے ہیں۔ دو تین منٹ ہوئے ہیں ابھی زیادہ سے زیادہ

but permit me to say that first of all we want that the question hour should be completed. Secondly, what I wanted to say, I said earlier there has been a very serious situation that has been perpetrated by the government and the treasury benches directly in Federally Administered Tribal Area. Now

Sindh is basically a FATA area.

(interruption)

چوہدری اعتزاز احسن، اور تیسری بات یہ ہے کہ we have five honourable Senators sitting here, Mrs. Nasreen Jalil, Shaikh Aftab Ahmad Sahib, Raza Rabbani Sahib, Taj Haider shaib and Qaim Ali Shah Sahib who have been treated....

جناب چیئرمین، فرق صرف اتنا ہے - اعتزاز صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن، جناب! ایک گزارش سن لیں، who have been treated in such a deplorable conduct by the police, تھانوں میں ان کو ساری ساری رات بٹھائے رکھا۔ یہ راجہ صاحب ہمارے سینیٹ کے Leader of the House ہیں، یہاں بدقسمتی سے کوئی بھی وزراء میں سے سینیٹر نہیں ہے، ان سے میں کیا اپیل کر سکتا ہوں، آپ بھی اس سینیٹ کے ممبر ہیں، راجہ صاحب بھی سینیٹ کے ممبر ہیں باقی جو treasury benches پر بیٹھے ہوئے ہیں ہمارے دوست ہیں، colleagues ہیں۔ اگر اس طرح سینیٹرز کے ساتھ treatment ہوگی قطع نظر---- کیا انہوں نے بم چلانے تھے، ان میں سے ایک بھی بم چلانے والا، ڈنڈا اٹھانے والا، پتھر مارنے والا نہیں ہے - اس لئے جناب چیئرمین!-----

(مداخلت)

چوہدری اعتزاز احسن، میں یہ عرض کر رہا ہوں جناب چیئرمین! اگر اس طرح باتیں کریں گے تو کل میں راجہ صاحب کی باتوں میں، تقریر میں اگر آپ کی اجازت سے وہ بات کریں گے اور اس میں اگر کوئی شور ہوا تو میں نہیں روک سکوں گا۔ یہ حکومتی بنچوں کو یاد رکھنا چاہئیے، دھیان میں رکھنا چاہیے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہم questioh hour کو چلاتے ہیں I will be requesting all my colleagues. کہ

اب question hour چلاتے ہیں - آپ نے جس طرح کہا - لیکن اس کے بعد صرف آپ تھوڑا سا understand کریں کہ بڑی ہی خطرناک situation ہے -

جناب چیئرمین: اس کے بعد آپ کا Privilege Motion لیا جائے گا -

چوہدری اعتزاز احسن، پانچ سینیٹرز یہاں بیٹھے ہوئے ہیں- ایک ہمارے پروڈکشن آرڈر پر آئے ہیں علی نواز شاہ صاحب' ان کی وجہ سے یہ ساری یہاں situation ہوئی ہے کہ ایک سینیٹر گرفتار ہے' ان کو انسداد دہشت گردی میں گرفتار کیا ہوا ہے- Bail کے لئے یہ ہے کہ دو دو' تین تین ہفتے وہ تاریخ دے دیتے ہیں صرف ضمانت کے لئے - آج پھر وہ آپ کے آرڈر کے تحت آئے ہیں جن کو رہا ہونا چاہیئے تھا- اگر ایسا ہو جاتا تو شاید اس طرح دوست انگیخت نہ ہوتے - اتنے کھڑے نہ ہوتے جتنے ہیں - آپ تھوڑا سا اس پر sympathise کریں لیکن اب question hour کے بعد -

جناب چیئرمین، اس پر میں نے کہا ہے کہ اگر یہ نہیں چاہتے تو پھر ٹھیک ہے -

چوہدری اعتزاز احسن، نہیں' نہیں' ہم چاہتے ہیں -

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question No.1, Iqbal Haider Sahib.

Q. No.1. (Q. No. 1 was deferred.)

Mr. Chairman: Any supplementary question.

سید اقبال حیدر - جب بھی ہم حکومت سے اس قسم کا سوال کرتے ہیں جس میں جرائم پیشہ اور عوام دشمن لوگوں کے نام کے اظہار کا خدشہ ہوتا ہے تو حکومت کہتی ہے کہ جواب نہیں آیا - دو مہینے پہلے میں نے پٹرول چوروں اور بلیک

مارکیٹ کرنے والوں کے بارے میں سوال کیا تھا کہ پٹرول کے کتنے ڈیلرز ہیں جن کے خلاف حکومت نے کارروائی کی ہے۔ دو مہینے پہلے سوال کیا تھا ' پانچ دن یا دس دن پہلے سوال نہیں کیا گیا تھا۔ اس کا جواب ہے کہ جواب ابھی تک موصول نہیں ہوا ہے ۔ تومیری گزارش ہے کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے ' پورے پاکستان کے عوام اس سے متاثر ہیں ' انہیں لوٹا جا رہا ہے اور حکومت بانسری بجا رہی ہے۔ سوائے سیاسی مخالفین کے کسی کے خلاف کارروائی نہیں کررہی ہے ۔

(مداخلت)

سید اقبال حیدر۔ جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے اور آپ کو حیرانی ہو گی کہ حکومت کے تحت ایک پٹرول کمپنی PSO ہے ۔ کل پرسوں' میں چوہدری نثار صاحب کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں' میں نے خود پٹرول ڈلوایا۔ ٹویوٹا کرولا کا ۴۵ لیٹر کا ٹینک ہوتا ہے ' میں نے پورا ٹینک بھروایا جب کہ میری گاڑی کے ٹینک میں پٹرول باقی تھا۔ اس نے مجھے ۴۶ لیٹر کا بل دیا ۔ یہ قربان سروس اسٹیشن ڈیفنس سوسائٹی میں واقع ہے ۔ میں نے کہا گاڑی کے ٹینک میں ۴۶ لیٹر ڈل نہیں سکتا جب کہ میری گاڑی میں پٹرول پہلے سے بھی ہے لیکن انہوں نے کہا کہ ہم کیاکریں۔ یہ تو ہمارے لیٹرز ہیں۔ ہر پی ایس او نے انعامی سکیموں کے بینر لگائے ہوئے ہیں ' عوام کو دھوکہ دینے کے لیے کہ یہ انعام ملے گا' یہ تمہیں تحفے ملیں گے ۔ میں خاموش رہا۔ میں نے سوچا شاید یہ پٹرول پمپ والے ہمیں specific example دے رہے ہوں' day before yesterday چوہدری نثار صاحب! پی ایس او قربان سروس اسٹیشن ' ڈیفنس سوسائٹی پر کوئی بینر نہیں لگا' کسی گاہک کو کوئی گفٹ نہیں ملا ۔ میرا سوال یہ ہے کہ حکومت اس طرح کے گمراہ کن اعلانات کے خلاف اور پٹرول چوری کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھا رہی ۔ میں نے جب ان سے سوال کیا کہ مجھے بتائیں کتنے کیسز آپ نے پٹرول کی adulteration اور چوری پر رجسٹر کیے ہیں تو کہتے ہیں کہ ابھی جواب نہیں آیا ۔ یہ کیا

رویہ ہے کہ آپ چوروں کے تو سر پرست ہیں' آپ کو صرف سیاسی رہنما ہی ملتے ہیں گرفتار کرنے کے لیے - تیل چوروں کو گرفتار نہیں کر سکتے -

(مداخلت)

جناب چیئرمین - چوہدری صاحب -

چوہدری نثار علی خان - شکریہ جناب چیئرمین- معزز سینیٹر جذبات میں کچھ باتیں کہہ گئے - مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ ہمارے مارکیٹنگ سیکٹر میں بہت سی کالی بھیڑیں ہیں ' اس میں کوئی شک و شبے کی گنجائش نہیں ہے مگر جتنے اقدامات ان لوگوں کے خلاف ہمارے دور حکومت میں ہوئے ہیں ان کا ریکارڈ سامنے ہو گا - یہ بات نہ تو شور شرابے سے ایک دوسرے پر مسلط کی جا سکتی ہے اور نہ شور و غل سے - ریکارڈ آپ کے سامنے ہو گا - سب سے پہلے میں ان کے اس سوال کا جواب دیتا ہوں جو انہوں نے کیا کہ اتنے عرصے سے جواب کیوں نہیں آیا- جناب! مجھے تو چند ہفتے پہلے یہ سوال ملا' میں انچارج ہوں تو جو public sector organizations ہیں اور میری وزارت کے متعلق تمام pumps کا ریکارڈ تین دن کے اندر ہمارے پاس پہنچ چکا تھا- مگر Shell اور Caltex جو private sector companies ہیں' انہوں نے ہمیں کہا ہے کہ تھوڑا سا عرصہ ان کو چاہیے تمام ریکارڈ tabulate کرنے کے لئے- اب ہمارے پاس کوئی ایسا طریقہ نہیں ہے سوائے ان کو بار بار کہنے کے کہ ہم ان کو convince کریں- بہرحال میں personally اس چیز کا نوٹس لوں گا اور ان دونوں private sector companies کو کہوں گا کہ جلد ہی وہ اپنا ریکارڈ پیش کریں-

میں معزز سینیٹر سے اور باقی عوام سے بھی یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ بنیادی طور پر یہ ساری checking کا کام' جب سے میں نے initiative لیا ہے ' اس سے پہلے یہ صوبائی حکومتوں کا کام ہوتا تھا' وزارت کا دور دور تک اس checking کے بارے میں کوئی تعلق نہیں تھا اور قانون کے مطابق یہ تمام ذمہ داری صوبائی حکومتوں کی

ہوتی تھی، میں نے personally یہ initiative لے کر منسٹری کو activate کیا، وہاں cell قائم کیا۔ میں نے تمام companies کو اور جو private sector companies ہیں ان کے Chief Executives بلکہ ان کے Presidents سے بات کر کے، کیونکہ جیسے میں نے کہا ہے کہ میں اعتراف کرتا ہوں کہ ہمارے consumers کو اچھے معیار کا تیل نہیں مل رہا تو over and above it is our responsibility, ان سے بات کر کے ہم نے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دیں۔ ہم نے companies کو کہا کہ آپ چھاپہ مار ٹیمیں ترتیب دیں اور انہوں نے ترتیب دیں اور چھاپے مارے گئے۔

جناب چیئرمین! میں معزز سینیٹر صاحب کو اور کیا بتاؤں کہ میں بطور وزیر خود پٹرول پمپز پر چھاپے مارتا رہا ہوں۔ مجھے کوئی ایک اور وزیر بتائیں جو یہ کام کرتا رہا ہو۔ تو یہ ایک issue میرے دل کے قریب تر ہے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ marketing side پر improvement ہو۔ خدائے نور صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور کئی اور دوست ہیں جو ہماری Standing Committee سے متعلق ہیں، آپ ان سے پوچھیں، میں نے ان کو کہا ہے کہ میں ایک ایک کو Ombudsman کے اختیارات دیتا ہوں اپنی وزارت میں۔ آپ چھاپے ماریں، کارروائی کریں اور جو آپ کارروائی کریں گے ہم اس کو support کریں گے۔ تو میرا مقصد یہ ہے کہ خواہ کوئی ایوان کے اس طرف بیٹھا ہو یا اس طرف بیٹھا ہو، ہماری سیاسی affiliation جو بھی ہوں، مگر ہم سب چاہتے ہیں کہ یہاں جو بنیادی مشکلات ہیں consumers کو وہ دور ہوں۔ اس کے لئے اقبال حیدر صاحب یا کوئی اور دوست مجھے کوئی رائے دے گا، کوئی guidance دے گا، ہم انشاء اللہ تعالیٰ اسے implement کریں گے۔ ریکارڈ جب سامنے آئے گا تو آپ خود دیکھیں گے کہ ہم نے کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی کی ہے۔ ہم نے ان کو ایک ایک لاکھ روپے کی punishments دیں۔ ہم نے ان کے marketing license cancel کئے۔ Marketing Companies نے licences take over کئے اور اگر آپ اجازت دیں تو

میں باقی جو ادوار حکومت رہے ہیں ان کا بھی ریکارڈ پیش کرتا ہوں کہ ان کے دور میں کتنا ہوا اور ہمارے دور میں کتنا ہوا۔ جس پٹرول پمپ کے بارے میں انہوں نے کہا ہے میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس پر فوری طور پر انشاء اللہ تعالیٰ کارروائی ہو گی۔

جناب چیئرمین: جناب اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین! شیریں جناح کالونی میں ٹینکرز سامنے کھڑے ہوئے ہیں۔ کھلم کھلا اس میں سے اصلی پٹرول نکالا جاتا ہے اور اس میں جعلی پٹرول ڈالا جاتا ہے۔ میں یہ کورنگی کراچی کی بات کر رہا ہوں کہ وہاں پر کھلم کھلا کاروبار ہو رہا ہے adultration of petrol کا۔

جناب چیئرمین: اقبال حیدر صاحب! انہوں نے کہا ہے کہ آپ کو اختیار دیتا ہوں، آپ چھاپہ ماریں اور ان کو بتائیں۔ coordinate with him.

(مداخلت)

سید اقبال حیدر: جناب! ان کے پیچھے تو پولیس کا اسکواڈ ہوتا ہے۔

چوہدری نثار علی خان: جناب میں اقبال حیدر صاحب کو کہتا ہوں اور اس ایوان میں بیٹھے ایک ایک سینیٹر کو کہتا ہوں، وہ اس طرف کے ہیں یا اس طرف کے ہیں، ہم نے بار بار اشتہار دیا ہے اخباروں میں بھی، ٹی وی پر بھی، ہم نے ایک Cell create کیا ہے۔ ہمیں بے انتہا اس سلسلے میں خطوط بھی آتے ہیں، faxes بھی آتے ہیں اور فون بھی آتے ہیں۔ You just call up that number, ہمارا DG(oil) یا Director جو بھی relevant ہے ان کے ساتھ جائے گا اور یہ پورے پاکستان میں کسی پمپ پر بھی چھاپہ مارنا چاہیں، ہم ان کے ساتھ تعاون کریں گے اور ان کے خلاف کارروائی ہو گی۔

جناب چیئرمین: جناب مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر: شکریہ جناب چیئرمین! یہ مسئلہ جو ہے کہ صارفین کو

quality اور quantity-wise both, they are suffering. اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اور اس سلسلے میں سینٹ کی Standing Committee میں ہم نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا اور میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ وزیر موصوف نے اس معاملے میں بہت زیادہ تعاون کیا ہے۔ انہوں نے ایک سب کمیٹی بھی بنائی اور اسے پورا اختیار دیا کہ آپ جس پمپ پر مرضی جائیں۔ اب ہم لوگ چھاپے مارنے سے تو رہے۔ میں جو اصلی بات کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے جناب والا! کہ اس منسٹری میں یا جو پبلک سیکٹر ہے اس میں اتنی کالی بھیڑیں ہیں کہ ان کے جتنے بھی فیصلے ہیں ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ میں تین دن پہلے' پشاور کنٹونمنٹ میں ایک پی ایس او کے پمپ پر گیا۔ میں نے اس سے کہا کہ آپ کے پاس ایک complaint book ہے۔ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس تو complaint book نہیں ہے۔ ایک سال پہلے یہ فیصلہ کیا گیا تھا۔ ان کی اتنی strong lobby ہے کہ اس سب کمیٹی کو بھی سبوتاژ کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد میں نے اسے کہا کہ پہلی دفعہ اور آخری دفعہ کس نے یہاں پر آپ کی inspection کی تھی ۔ انہوں نے جواب دیا کہ 1998 میں ان کے اپنے پی ایس او کے مینجر نے چیکنگ کی تھی۔ ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ہم بھی اپوزیشن میں ہیں' ہم بھی تعاون کرنا چاہتے ہیں کیونکہ یہ عوام کا مسئلہ ہے۔ مل جل کر اس کو حل کرنا چاہیئے۔ یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ سوال پوچھیں ۔

سید مسعود کوثر : جناب یہ ایک لاکھ جرمانہ کرتے ہیں۔ ایک لاکھ روپے اگر ہر روز ان کو جرمانہ کر دیا جائے تو ان کو فرق نہیں پڑتا کیونکہ ان کی اتنی گنجائش ہے کہ وہ جرمانہ دے سکتے ہیں۔ میں نے میٹنگ میں بھی ان سے کہا تھا کہ آپ ان کے لائسنس کینسل کریں۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا منسٹر صاحب یہ assurance دینا چاہتے ہیں ۔

(مداخلت)

سید مسعود کوثر: ایک سوال کا کوئی meaningful جواب تو آئے۔ کیا منسٹر صاحب یہ assurance دینا چاہتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ یا ان کی منسٹری ان تمام لوگوں کے لائسنسز کینسل کرنا چاہتی ہے جنھوں نے adulteration کی ہے یا جو کم اور کوالٹی کے حساب سے صحیح نہیں دے رہے۔ کیا ایسا کرنا چاہتی ہے یا آئندہ کوئی ارادہ رکھتی ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین، منسٹر برائے پٹرولیم۔

چوہدری نثار علی خان: جناب چیئرمین! میں نے جیسے کہا کہ record will speak for itself جب میں سارے کوائف یہاں پر سامنے لاؤں گا تو بہت سے سوالات ایسے ہیں جو خود بخود واضح ہو جائیں گے۔ میں ایک دفعہ پھر یہ بات دہراتا ہوں کہ اس سے پہلے تمام حکومتوں کے ادوار میں، صوبائی حکومتوں کے ذمے یہ کام ڈالا گیا تھا۔ میں نے منسٹری کو اور مارکیٹنگ کمپنی کو activate کیا۔ اب ان کا یہ specific سوال کہ کینسل کر دیا جائے، اس کا ایک طریقہ کار ہے۔ جب پہلی دفعہ کہیں adulteration ہوتی ہے تو اگر ایسا ایریا ہے جہاں سیل بہت کم ہوتی ہے تو یہاں پر جرمانہ شاید کم ہے بیس یا پچیس ہزار ہے۔ پہلی دفعہ جرمانہ ہوتا ہے according to the law, دوسری دفعہ اگر پھر وہ اس چیز میں ملوث پایا جائے تو cancellation ہوتی ہے۔ میں آپ کو یہ بھی بتاؤں کہ اپنے پچھلے دور حکومت میں پہلی دفعہ ہم نے بہت بڑے بڑے ڈیلرز کے adulteration کی بنیاد پر لائسنسز کینسل کئے۔ یہ بھی ریکارڈ میں آپ کے سامنے پیش کروں گا۔ میں اس مسئلے میں نہیں پڑنا چاہتا تھا مگر ریکارڈ بتائیں گے کہ میں نے کتنے ڈیلرز کے لائسنسز adulteration کی بنیاد پر کینسل کئے ہیں اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جن کا تعلق ہماری پارٹی کے ساتھ ہے۔ مگر ان میں سے تقریباً 99% پچھلے دور حکومت میں سارے کے سارے بحال ہوگئے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر حئی صاحب! آخری سوال۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف سے صرف یہ ضمنی سوال کروں گا کہ انہوں نے خود فرمایا ہے کہ کالی بھیڑیں بہت ہیں۔ پٹرول ' ڈیزل ' خوراک ' ادویات سب ملاوٹ شدہ ملتی ہیں۔ سب سے بڑھ کر دکھ کی بات یہ ہے کہ اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ کمی تو نہیں ہو رہی ہے۔ یہ جو کالی بھیڑیں ہیں ان کی سرپرستی سٹیٹ کی طرف سے ہو رہی ہے۔ اگر سٹیٹ سرپرستی کرنا چھوڑ دے تو میں آج دعوے سے کہتا ہوں کہ عوام ان کے ساتھ تعاون کریں گے۔

جناب چیئرمین : سوال کیا ہے؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : میرا سوال ہے کہ سٹیٹ کی سرپرستی میں یہ کالی بھیڑیں کب تک ملٹی ملینیر بنتی رہیں گی۔ کروڑ پتی ارب پتی بنتے رہیں گے۔ ان کی سرپرستی سٹیٹ کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر برائے پٹرولیم ۔

چوہدری نثار علی خان: جناب چیئرمین! سٹیٹ کی سرپرستی تب ہو اگر منسٹر لیول پر یہ ساری چیزیں الاٹ کی جائیں۔ میں آج یہاں کھڑا ہو کر سب کے سامنے کہہ رہا ہوں کہ میں نے آج تک ایک پٹرول پمپ الاٹ نہیں کیا۔ میں نے آج تک ایک گیس ایجنسی الاٹ نہیں کی۔ جو چور ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے ۔ جیسے میں نے گزارش کی ہے کہ ریکارڈ آپ کے سامنے ہوگا اور بڑے سینیئر قسم کے لوگ' جن کے یہ پٹرول پمپ ہیں' ان میں سے کئی کا تعلق ہماری پارٹی سے ہوگا' کئی کا ان کی پارٹی سے تعلق ہوگا۔ جب بھی میں وزیر بنا' ان کے licence کینسل ہوئے and record will also show that whenever our government left, those licences were then unfortunately put back اور انہی لوگوں کو دیئےگئے جن کے خلاف کارروائی ہوئی تھی۔

مگر میں آج اسی کے حوالے سے ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب میں نے

کہا ہے کہ ایک ایک سینیٹر کو خواہ وہ اس طرف بیٹھے ہیں یا اس طرف بیٹھے ہیں۔ ان کو اپنے اپنے حلقے میں پورے طور پر اختیارات ہیں ۔ صرف ان کی ایک ضرورت ہے ۔ جانے سے پہلے ہمارے محکمے کا ایک آدمی ساتھ لے کر جائیں ۔ اپنے اپنے حلقے میں یا پاکستان کے کسی کونے میں یہ چھاپہ ماریں گے جو یہ فیصلہ کریں گے ۔ اس پر ہم انشاء اللہ پابند ہوں گے۔

Mr. Chairman: Next question No.2, Mr. Iqbal Haider Sahib.

Syed Iqbal Haidar: Question No. 2.

لیکن سوال نمبر ۱ کو ڈیفر کر دیں۔

جناب چیئرمین۔ ڈیفر ہو گیا۔

2. * Syed Iqbal Haider: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the transformer installed in village Ghrota, Tehsil Shakargarh, District Narowal has been burnt;

(b) whether it is also a fact that the Wapda Authorities (Shakargarh) has refused to replace/repair the said transformer, if so, its reasons; and

(c) the time by which the said transformer will be replaced/repaired?

Mr. Gohar Ayub Khan: (a) Yes, Transformer of the said village was burnt on 1-8-1999.

(b) No, it is not a fact.

(c) New transformer has already been installed on 5-8-1999.

جناب چیئرمین۔ سپلیمنٹری سوال؟

Syed Iqbal Haider: No supplementary.

Mr. Chairman: We take up question No. 3, Dr. Ismail Buledi Sahib.

3. * **Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the time by which Saindak Project will start functioning?

Ch. Nisar Ali Khan: As soon as the Saindak Metals Limited is able to secure working capital for the project.

جناب چیئرمین۔ سپلیمنٹری سوال؟

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب میں نے سوال سینڈک پراجیکٹ کے متعلق کیا تھا۔یہ بلوچستان اور پورے ملک کے لئے ایک بہت اہم پراجیکٹ ہے لیکن اس کا قصور صرف یہ ہے کہ یہ بلوچستان کی سرزمین پر موجود ہے ۔جب میں خود سینیٹر بنا اور میں پٹرولیم اینڈ گیس کمیٹی کا ممبر بھی ہوں، جس وقت بھی ہماری میٹنگ ہوتی ہےاور نثار صاحب موجود ہوتے ہیں تو ان سے یہ کہنا ہے کہ اس پر ۱۶ ارب خرچ کرنے کے بعد اب اس کو چلانے کے لئے صرف ایک ارب روپے کی ضرورت ہے ۔لیکن ابھی تک انہوں نے ایک ارب روپے کا بندوبست نہیں کیا۔ اس کی وجہ سے وہاں کروڑوں اربوں روپے کی جو مشینری ہے وہ ناکارہ ہوتی جا رہی ہے، وہاں سڑ رہی ہے ۔میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں اور وہ ماشاء اللہ بااختیار ممبر ہیں۔ ہمارے پاکستان میں خوش قسمتی سے سب سے زیادہ بااختیار منسٹر ہیں۔

جناب چیئرمین۔ سوال پوچھیں ۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ بتا دیں کہ وہ پنجاب ایئر پورٹ کے لیے ۱۶ ارب روپے دیتے ہیں تو سینڈک پراجیکٹ کو چلانے کے لئے ایک ارب روپیہ کا کب بندوبست کریں گے؟

چوہدری نثار علی خان۔ جناب چیئرمین! میں نے معزز سینیٹر صاحب سے پہلے بھی ایک دفعہ گزارش کی تھی۔ایک دفعہ پھر کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اور وہ بنیادی طور پر ایک سائیڈ کے ہیں ۔ہم بھی انہی کی طرح مانگنے والے ہیں۔ مگر یہ پیسہ حکومت کی طرف سے تو نہیں آئے گا ۔ ظاہر ہے کہ کسی .financial institutions کی طرف سے آئے گا۔ پچھلے چند مہینوں میں ہم نے دو طریقوں سے کوشش کی ہے ۔ایک تو جب ہم اپنے پبلک سیکٹر کے بنکوں کے پاس گئے تو انہوں نے اس لحاظ سے مجبوری ظاہر کی کہ بقول ان کے یہ پروگرام یا یہ پراجیکٹ economically viable نہیں۔ اور اگر یہ economical نہیں ہے تو اس لئے انہیں اپنے پیسے کے واپس نہ ہونے کا خدشہ تھا۔ بہرحال بڑی لے دے ہوئی ۔ آخر میں فیصلہ یہ کیا گیا کہ partly ہم پبلک سیکٹر سے فنانس کرائیں اور partly private sector سے۔ اکنامک کمیٹی آف کیبنٹ کے پاس لے کر گئے، وہاں بھی یہ مسئلہ کسی کنارے نہ لگ سکا اور وہاں یہ فیصلہ کیا گیا کہ بہتر ہے کہ یہ صرف پرائیویٹ سیکٹر سے فنانس کیا جائے۔ پرائیویٹ سیکٹر کا ایک کنسورشیم تقریباً پچھلے سال تیار ہو چکا تھا۔ تقریبا commitment بھی ہو چکی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب نیوکلئیر explosion انڈیا نے بھی کیا۔ پھر ہم نے کیا اور sanctions لگ جانے کی وجہ سے ہمارے ساتھ جن بنکوں نے commit کیا تھا، انہوں نے withdraw کر لیا ۔اس کے بعد ہمارے پاس ایک option رہ گیا تھا۔ وہ یہ کہ ایک دفعہ پھر ہم چائنا سے بات کریں۔ پچھلے تقریباً آٹھ مہینوں سے ہماری چائنا سے بات چیت چل رہی ہے ۔اور ہم نے انہیں soft credit کے لئے کہا بھی ہے اور اس سلسلے میں بات چیت بھی چل رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ اگلے مہینے ہمارے جو ایم ڈی ہیں ان کے ساتھ ایک delegation بھی

چائنا جا رہا ہے - After all چائنا کا بھی اس میں ایک interest ہے because they have invested a lot of money in this project. تو مجھے انشاء اللہ امید ہے کہ اگلے مہینے اس سلسلے میں کوئی پیش رفت ہو گی -

جناب چیئرمین- جی' جناب الیاس بلور صاحب-

جناب الیاس احمد بلور- سب سے پہلے تو میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے وہ بڑا غلط ہے اور سینٹ کی توہین ہے-

As soon as the Sandak Metals Limited is able to secure working capital for the project. جناب! مجھے اس کا بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے -یہ جواب منسٹری کی طرف سے آنا بہت غلط ہے - کیونکہ this is not a private company. وہاں قومی سرمایہ لگا ہوا ہے اور پچھلی حکومتوں نے وہاں پر چین کا پیسہ لگایا ہے - اگر یہ پروجیکٹ پنجاب میں ہوتا تو لازمی طور پر پیسہ کہیں نہ کہیں سے آ جاتا - بدقسمتی یہ ہے کہ بلوچستان میں ہے - تبھی وہ پیسہ اکٹھا کرکے نہیں دے سکتے- ابھی جناب معزز منسٹر نے ایک اور بات کہی - آپ کو یاد ہوگا کہ جب انہوں نے پہلے سوال کے جواب میں کہا کہ یہ چیکنگ پہلے provincial subject تھا اور اب اسے میں سینٹر میں لے آیا ہوں - آپ تو وفاق کا بیڑہ پہلے ہی غرق کر رہے ہیں لیکن اب ہر طرف وفاق کا بیڑہ غرق کر رہے تھے یہ ایک غلط طریقہ ہے - جناب! یہ پیسہ ضرور arrange ہونا چاہیے کیونکہ پنجاب میں ایسے جتنے بھی پبلک سیکٹر کے پروجیکٹس ہیں وہ سارے چل رہے ہیں - خواہ وہ جس جگہ پر بھی ہیں' خواہ وہ روڈ ٹرانسپورٹ ہے- اگر بنک سمیڈا کو پیسے دے سکتا ہے تو why not this project Sandak. SMEDA is not a viable project, I tell you that SMEDA will be a biggest default in this country.

جناب چیئرمین- منسٹر فار پٹرولیم --

چوہدری نثار علی خان -ایک تو میں واضح کردوں کہ میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ

یہ پراونشل سبجیکٹ تھا اور میں اسے واپس سنٹر میں لے آیا - میں نے یہ کہا تھا کہ under rule صرف اس پر صوبائی حکومتیں کارروائی کرسکتی ہیں - کیونکہ طریقہ کار اور سارا سسٹم بھی صوبائی حکومتوں کے پاس ہے - ان کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سٹی مجسٹریٹ ہیں - چھاپے کا اختیار ان کو تھا - اس وقت بھی صوبائی حکومتیں یہ چھاپے مار رہی ہیں - میں نے ابھی سوال کے جواب میں کہا تھا کہ بہت سی اطلاعات ہمیں صوبوں سے آتی ہیں - تو یہ نہیں ہے کہ صوبوں کا کام ہم نے ختم کر دیا ہے - Over and above that ہم صرف complement کر رہے ہیں۔اور ایک اچھے کام کے لئے کر رہے ہیں - چھاپے مارنے کے لئے کر رہے ہیں اور law میں یہ provision ہے اور وہ یہ provision ہے کہ over and above the provincial government marketing companies بھی یہ چھاپے مار سکتی ہیں - یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ یہ power excercise نہیں کر رہیں - تو اس میں فیڈرل اور صوبے کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ایک اچھے کام کے لئے marketing companies کو بھی activate کیا ہے -

جہاں تک اس پروجیکٹ کا تعلق ہے جناب! ایسے پروجیکٹس ہیں، خواہ وہ پنجاب میں ہیں ، سندھ میں ہیں، فرنٹیئراور بلوچستان میں ہیں جن پر for want of funds کام رکا ہوا ہے - میں معزز رکن کی اطلاع کے لئے یہ بھی گزارش کردوں کہ اس پر جو رقم خرچ ہوئی، تقریباً دو دفعہ ہماری حکومت رہی اور بیچ میں پیپلز پارٹی کی حکومت بھی آئی - پیپلز پارٹی کی حکومت نے بھی اور دو دفعہ جب ہم آئے ہم نے بھی پیسہ دیا - بات یہ کی جاتی ہے کہ چودہ ، پندرہ یا سولہ ارب روپے کی، اس میں سے جو زیادہ disbursement اس پروجیکٹ کے لئے ہوئی ہے وہ ہمارے دور میں ہوئی ہے - اگر ہم پروجیکٹ یا صوبے کے خلاف ہوتےتو پھر یہ مسئلہ نہ ہوتا - Overall اس وقت ایک financial crunch ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ جلد یہ پروجیکٹ پھر سے شروع ہو سکے -

جناب چیئرمین-حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ جناب چیئرمین ! پہلی بات یہ ہے کہ اس ہاؤس میں بار بار اس سے قبل بھی یہ پروپیگنڈا کیا جاتا رہا ہے کہ economically Sandak project is not viable. میں آپ کے تجربہ کاروں اور ماہرین کو چیلنج کرتا ہوں کہ ہم ایک موشن رکھتے ہیں' discuss کریں ۔ جب بھی کوئی بلوچستان کا پروجیکٹ آتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ economically viable نہیں ہے ۔

نمبر۲' ہم اس پر بحث کریں گے ۔ آپ اس کو مجلس قائمہ میں رکھیں یا یہاں اس فلور پر رکھیں ۔ ہم یہ ثابت کریں گے کہ یہ پروجیکٹ viable ہے اور تمام تفاصیل ہم آپ کو فراہم کریں گے' economically viable ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ ہم اس پروجیکٹ کے خلاف نہیں ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ دھیرے دھیرے کم کم پیسہ اس کے لئے مختص کرتے ہیں اور یہ پروجیکٹ prolong ہوتا جارہا ہے ۔ چونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بنیادی طور پر آپ اس پروجیکٹ کو کامیاب ہوتا دیکھنا ہی نہیں چاہتے ۔ یہ پروجیکٹ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے ۔ Inflation دن بدن بڑھتا جا رہا ہے ۔ اس وجہ سے جو وزارت نے جواب دیا ہے وہ نہیں بلکہ وزیر صاحب نے جو تفاصیل بتائی ہیں اس میں یہ جواب دینا چاہیئے تھا ۔ انہوں نے اس سے پہلے بھی ہمیں یہ assurance دی تھی کہ چین کے ساتھ بات چیت ہو رہی ہے ۔ ان کی ایک شرط ہے ۔ میں نے اس وقت بھی پوچھی تھی ۔ آپ ان کی شرط کیوں نہیں مانتے جب وہ اس بات کے لئے تیار ہیں ۔ آپ ہمیں assurance دیں کہ سینیٹروں کے ہمراہ ان کے ساتھ بات چیت کی جائے گی ۔ وہ کیسے نہیں مانتے ہیں ۔ پتہ نہیں آپ کیسے ان کے ساتھ بات کرتے ہیں ۔

جناب چیئرمین، جناب وزیر برائے پٹرولیم۔

چوہدری نثار علی خان، مجھے معلوم نہیں ہے کہ کیوں میرے جواب میں سے

کوئی ایک لفظ لیا جاتا ہے اور اس کو مدنظر رکھ کر کوئی سوال کر دیا جاتا ہے۔ میں نے قطعی طور پر یہ نہیں کہا کہ project uneconomical ہے۔ میں نے یہ کہا ہے کہ جب ہماری کمرشل اداروں سے بات چیت چل رہی تھی تو انہوں نے کہا، یہ ان کا view point تھا، یہ Ministry or government کا view point نہیں ہے، اگر Ministry or government کا view point ہوتا تو اس پر اتنے ارب روپے خرچ نہ ہوتے۔

میں معزز سینیٹر کے اس سوال کا پہلے بھی جواب دے چکا ہوں۔ اب غیب کا علم تو میرے پاس ہے نہیں۔ ان کے کہنے پر میں نے respond کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ چینی پیسہ دینے کے لیے تیار ہیں provided we give the management over to them. میں نے اس وقت بھی ان کو کہا تھا کہ یہ condition میرے سامنے نہیں آئی۔ اگر یہ condition وہ میرے سامنے رکھیں تو میں اسی وقت سے آپ سے متفق ہوں کہ چینی یہ management بھی رکھیں اور project بھی شروع کریں۔ اگر سینیٹر صاحب کے پاس کوئی ایسی اطلاعات ہیں جو مجھے نہیں ہیں تو وہ میرے پاس آئیں۔ اگر وہ اس ایک commitment پر Chinese کو راضی کر سکتے ہیں تو میں کل ہی management ان کو دے دوں گا۔

جناب چیئرمین: جناب اعتزاز احسن صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ہاؤس کی tradition ہے کہ جب بھی گیلری میں کوئی معزز مہمان آ کے بیٹھیں تو ہم recognise کرتے ہیں۔ اس وقت صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: Recognise غیرملکی مہمانوں کو کرتے ہیں، ملکی مہمانوں کو نہیں کرتے۔

چوہدری اعتزاز احسن: نوابزادہ نصراللہ صاحب اور سابق سپیکر نیشنل اسمبلی جناب حامد ناصر چٹھہ صاحب تشریف لائے ہیں۔

جناب چیئرمین: حسین شاہ راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی: جناب چیئرمین! وزیرصاحب نے فرمایا کہ مسئلہ یہ ہے کہ رقم فراہم نہیں ہوتی۔ میں ان سے پوچھوں گا کہ جناب وزیر اعظم صاحب نے مسلمہ طور پر نو سو ملین بنکوں کے (***) کیا وزیر صاحب' وزیر اعظم پر پریشر ڈالیں گے کہ وہ پیسے دیں تا کہ سینڈک پراجیکٹ شروع ہو سکے۔

جناب چیئرمین: وزیر پٹرولیم۔

چوہدری نثار علی خان: یہ تو معزز سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ پرائم منسٹر کچھ owe کرتے ہیں۔ اگر ان کو ملک سے اتنی ہی محبت ہے تو ان کی لیڈر جو کچھ owe کرتی ہیں اور (***) کر کے لے گئی ہیں اور ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اگلا سوال نمبر ۵' اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اعتزاز احسن صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن: جناب چیئرمین! میں آپ کے ذریعے اولاً تو صرف یہ گزارش کروں گا تاکہ ماحول ٹھیک رہے۔ صفدر! you sit down please. میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ماحول ایک دم کشیدہ ہو جائے گا۔ ماحول کسی کے قابو میں نہیں رہے گا۔ Issues subjudice ہیں' زیر سماعت ہیں۔ میں برملا کہنا چاہتا ہوں کہ میرا موقف عدالت میں یہ ہوگا کہ وہ بے گناہ ہیں۔ یہ لاکھ چارجز لگائیں' یہ مسئلہ عدالت میں ہے ۔ اس طرح کا لفظ کہنا غلط ہے کہ (***) کر کے گئے ہیں یا کچھ اور لے گئے ہیں۔ میں ان سے گزارش کروں گا' میں تہذیب کے دائرے میں رہنا چاہتا ہوں اور رہوں گا اور ان سے گزارش کروں گا کہ فیصلہ عدالت میں ہونا ہے ۔ چوہدری صاحب soft-spoken ہیں۔ معلوم نہیں کس طرح طیش میں آ کے ایسا لفظ استعمال کیا ہے ۔

soft-spoken ہیں۔ معلوم نہیں کس طرح طیش میں آ کے ایسا لفظ استعمال کیا ہے - اس وقت معاملہ زیر سماعت ہے' عدالت میں فیصلہ ہونا ہے۔ اپیل ہے' اگر انہوں نے میری اپیل کا پہلے سے فیصلہ کر دیا ہوا ہے جو کہ سپریم کورٹ نے کرنا ہے تو آج بتا دیں۔ اگر سپریم کورٹ نے وہ فیصلہ کرنا ہے تو پھر یہ اپنے الفاظ واپس لیں۔ اگر یہ الفاظ واپس نہیں لیتے تو پھر ہم اپنا ردعمل ظاہر کریں گے۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب ! یہ واقعی subjudice ہے - I think, it is appropriate کہ---

چوہدری نثار علی خان، جناب چیئرمین! میرا خیال ہے یہ دونوں طرف apply ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین ، جی correct. دونوں طرف سے جو accusations ہیں ان کو personally واپس لے لینا چاہئیے۔

چوہدری اعتزاز احسن، وہ owe کرتے ہیں۔ یہ بڑی clear بات ہے۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ انہوں نے (***) کی ہے۔

Mr. Chairman: Both these matters are subjudice.

Ch. Aitzaz Ahsan: Sir, no, the Prime Minister has admitted that he owes. Just a minute, Prime Minister in his address on the 11th of June 1998 admitted.

انہوں نے کہا کہ میں یہ تین فیکٹریاں' اتنی بڑی اتفاق فاؤنڈری دیتا ہوں' فلاں دیتاہوں' فلاں دیتا ہوں' اس میں سے آپ نکالیں۔ Technically راشدی صاحب کی بات غلط نہیں ہے' Prime Minister خود کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال یہ subjudice معاملے ہیں -

(***) Expunged by order of the Chairman

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب! ان الفاظ پر کوئی deal نہیں ہو سکتی ہے کہ راشدی صاحب بھی واپس لیں اور Minister صاحب بھی واپس لیں۔ یہ Minister صاحب کو unilaterally واپس لینا چاہیئے۔

Mr. Chairman: I expunge these words.

Ch. Aitzaz Ahsan: No, sir,no.

(interruption)

Mr. Chairman: I expunge these words.

جہانگیر بدر، آپ نے سوال پوچھ لیا ہے؟

جناب جہانگیر بدر۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ، اجمل خٹک صاحب! فرمائیے۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب چیئرمین! اس طرف سے معزز وزیر صاحب نے ملک کی ایک شخصیت اور ہماری لیڈر کے خلاف الفاظ استعمال کئے ہیں۔ وہ اس ہاؤس میں بیٹھی ہوئی Joint Opposition کی لیڈر ہیں اور میں ان کا ممبر ہوں۔ اس لحاظ سے میں اصولاً، اخلاقاً ہر لحاظ سے ان کو Joint Opposition کی لیڈر سمجھتا ہوں۔ اس لحاظ سے وہ میری بھی لیڈر ہے۔ کسی کو برا لگے تو وہ جلتی آگ پر بیٹھ جائے۔

جناب چیئرمین۔ جہانگیر بدر صاحب۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ لیکن۔

جناب چیئرمین۔ جی، جی۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ *** کا لفظ استعمال کیا ہے، یہ واپس نہیں لیتے تو۔۔۔

(***) Expunged by order of the Chairman

جناب چیئرمین۔ میں نے وہ حذف کر دیا ہے۔ آپ expunged سمجھیں۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ نہیں نہیں، واپس لینا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جب میں نے ختم کر دیا ہے تو پھر کیا ہے۔ جناب جہانگیر بدر صاحب۔ میں نے حذف کر دیا ہے، وہ لفظ ہی نکال دیا ہے۔ ایک منٹ جہانگیر بدر صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ جس طرح خٹک صاحب کو اجازت دی ہے، اس طرح میں اجازت دے رہا ہوں۔

جناب انور کمال خان مروت۔ کل تک جب محترمہ وزیر اعظم تھیں اور ہم تحریک نجات چلاتے رہے تو جناب ANP نے ہی ان کو *** کہا تھا اور آج وہ اس کی مخالفت کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جہانگیر بدر صاحب۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

جناب چیئرمین - جی فرمائیے - Please, let's proceed with the matter.

جہانگیر بدر صاحب ' again I would request the honourable Senators, please be calm.

جناب جہانگیر بدر۔ (***)

Mr. Chairman: This is not proper remark. Please.

جناب جہانگیر بدر۔ چلیں جی۔

جناب چیئرمین۔ میں یہ بھی حذف کرتا ہوں I expunge these remarks

(***) Expunged by order of the Chairman

also. ایسی بات نہیں کرنی چاہئیے۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب چیئرمین! انہیں آپ پارلیمانی آداب بھی سکھایا کریں۔ آپ کا ان کی پارٹی سے تعلق ہے۔ یہ چاہتے ہیں کہ یہی بولتے رہیں۔

جناب چیئرمین۔ چلیں سوال کریں۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا! میرا سوال راشدی صاحب کے سوال سے ملتا جلتاسوال ہے۔ میں صرف یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ اس ملک کے بنکوں کا کوئی 150 ارب روپے کے قریب۔ ایک منٹ، اس سے بھی بہت زیادہ ہے جو آپ بتا رہے ہیں، یہ میں وہ رقم بتا رہا ہوں جو دس لاکھ سے زیادہ کے record پر ہے۔دس لاکھ سے زیادہ ہے، اسی ایک کے پاس، 150 ارب کے قریب جو روپے ہیں، یہ اس ملک کے مختلف سیاستدان، سرمایہ دار اور جاگیردار ہیں---

جناب چیئرمین۔ پتا تو چلے کہ کیا سوال ہے پھر میں اجازت دوں گا۔ Please let me hear the question کہ وہ کیا پوچھ رہے ہیں۔

جناب جہانگیر بدر۔ ایک منٹ۔

جناب چیئرمین۔ جی، جی فرمائیے۔ ایک منٹ جناب عاقل شاہ صاحب! for God's sake جی۔

جناب جہانگیر بدر۔ یہ جو 150 ارب کے قریب روپے تھے، یہ اب 230 کے قریب ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ یہ Petroleum سے کیا تعلق رکھتے ہیں؟

جناب جہانگیر بدر۔ میں ایک بات کہنا چاہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی، جی۔

جناب جہانگیر بدر۔ کیونکہ وزیر پٹرولیم سے تعلق ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ تو بات نہ ہوئی۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا! آپ میری بات سنیں - میں نے یہاں پر ایک سوال کیا تھا۔

جناب چیئرمین۔ جی، جی۔

جناب جہانگیر بدر۔ میں نے یہاں پر ایک سوال کیا تھا۔ میں نے اس ایوان میں پوچھا It is on the record that who is the biggest defaulter in Pakistan تھا
اس کے جواب میں کہا گیا تھا Nawaz Sharif is the biggest defaulter.

Mr. Chairman: It has nothing to do with the Petroleum Ministry. Question No. 5.

5. * **Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether there is any case pending against the former M.D. of Saindak Project on corruption charges, if so, its details?

Ch. Nisar Ali Khan: A case against former Mangaing Director Saindak Metals Limited was registered by FIA under FIR No. 11/95 for hisallegedly involvement in the purchase of sub standard material causing a loss of Rs. 1.6 million. The case is still under investigation with FIA Quetta. Besides, two cases of financial irregualrity against the officers are being investigated by a departmental ommmittee.

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی -جناب والا! میں نے سوال پوچھا تھا کہ سینڈک پروجیکٹ کے سابق مینیجنگ ڈائریکٹر کے خلاف جو 1.6 million rupees corruption کا الزام ہے اور چھ سال سے یہ under investigation ہے، یہاں پر اب بھی چھوٹی سی

سیاست پر اپوزیشن اور حکومت والے ایک دوسرے پر الزام لگاتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ جس کو بھی حکمرانی کا موقع ملا ہے اس نے اس ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا ہے۔ کسی نے اس ملک کو معاف نہیں کیا۔ یہ خواہ مخواہ وقت ضائع کرتے ہیں - میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سینڈک پروجیکٹ کا جو سابقہ ایم ڈی تھا اس کے خلاف اتنی بڑی رقم کی کرپشن کا الزام ہے اور اب تک اس کے خلاف تحقیقات جاری ہیں' تو کیا جب تک ہم زندہ ہیں یا اگلے پچاس سال تک یہ تحقیقات مکمل ہو جائیں گییاہمارے مرنے کے بعد تک جاری رہیں گی۔ اس ملک میں بدقسمتی سے جس طرح کرپشن ہوتی ہے' جو ملک کو لوٹتے ہیں' جو چوری کرتے ہیں ان کی پروموشن ہو جاتی ہے۔ اگر وہ پہلے نچلے درجے کا افسر تھا.تو اس کو پروموٹ کرکے ایم ڈی بنا دیا جاتا ہے - دوسری بات یہ ہے کہ فی الحال یہ ایم ڈی جس کے خلاف کرپشن کا الزام ہے کہاں کام کر رہا ہے -

جناب چیئرمین۔ وزیر برائے پٹرولیم۔ ان کی زندگی میں یہ تحقیقات مکمل ہو جائیں گی یا نہیں - یہ ان کا سوال ہے۔ ان کی زندگی کے لئے بھی دعا کرتے ہیں۔ خدا کرے لمبی زندگی ہو' صحت ہو۔

چوہدری نثار علی خان۔ آمین! آپ کے سامنے تفصیل دے دی گئی ہے۔ میں صرف معزز رکن اور ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس شخص کو معطل بھی میں نے کیا - سینڈک پروجیکٹ سے بھی میں نے ہٹایا اور اس کے خلاف تمام enquiries میں نے initiate کیں۔ مگر ساتھ ساتھ میں یہ گزارش کر دوں کہ پہلا مرحلہ تو میری ذمہ داری میں آتا ہے اس کے بعد اس کی جو انکوائری ہوتی ہے' جیسا کہ آپ جانتے ہیں وہ ایف آئی اے.کرتی ہے - ہم پچھلے چند ماہ سے ان کیسوں کو follow کر رہے ہیں۔ ان سارے کیسوں میں کچھ ایسے لوگ ہیں جو یا تو ریٹائر ہو چکے ہیں یا نوکری چھوڑ چکے ہیں۔ اس لئے ایف آئی اے کو مشکل پیش آ رہی ہے۔

یہ میری ذمہ داری نہیں ہے لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ میں انشاء اللہ اس کو follow کروں گا ۔ اس سلسلے میں اب تک جو تحقیقات ہوئیں ہیں وہ بھی میں ایوان کے سامنے پیش کروں گا ۔

جناب چیئرمین۔ محمد رفیق راجوانہ صاحب ۔

Muhammad Rafique Rajwana: Sir, the case was registered in November 1995. No doubt, the worthy Minister said that there were some problems that those people have retired from the service. But it is really, strange

that 1995 میں ایف آئی آر درج ہوئی ہے، آج 1999 آ گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ، ایف آئی اے کے متعلقہ وزیر آج تشریف فرما نہیں ہیں ' یہ expedite کیا جائے کیونکہ ابھی تک under investigation ہے، چار سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے اور uptill now the challan should have been submitted in the court and the trial should have been started. So that it would have conveyed a meassage to the other corrupt people also.

چوہدری نثار علی خان ۔ میں ان سیاسی باتوں میں نہیں جانا چاہتا تھا مگر معزز سینیٹر نے تاریخ بتا دی ۔ بدقسمتی ہے کہ ایک شخص Sandak Project کا Chief Executive تھا اور میرے دوست جو بڑے جوش و جذبے سے وہاں سے سوال کر رہے ہیں ' وہ sitting Chief Executive in 1995 تھا ان کے دور حکومت میں ' اس کے خلاف ایک نہیں کئی cases registered ہوئے، initiate کئے گئے مگر وہ کیسز بھی ایسے ہی رہے اور وہ اس پروجیکٹ کا Chief Executive بھی رہا ۔ 1997 میں، میں نے اس کے خلاف کارروائی کی، اس کو معطل کیا ' اسے اس محکمے سے علیحدہ کیا ۔ اس کے خلاف جتنے کیسز ہیں ان میں سے بہت سارے 1995 میں رجسٹر ہوئے تھے

مگر کارروائی نہیں ہوئی، وہ اس ادارے کا Chief Executive رہا۔

جناب چیئرمین۔ ڈاکٹر عبدالحئی۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا وزیر موصوف سے یہ ضمنی سوال ہے کہ اس ملک میں اربوں روپے "میرا گھر" کے لئے پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ موٹروے کے لئے ۶۰ ارب روپے ہو سکتے ہیں۔ لاہور انٹرنیشنل ائرپورٹ کے لئے روپے ہو سکتے ہیں، مگر بلوچستان کے پراجیکٹ کے لئے پیسے نہیں ہیں۔ ۲۰، ۲۵ سال سے یہ پراجیکٹ لٹکا ہوا ہے۔ یہ امتیازی سلوک بلوچستان کے ساتھ کیوں ہے؟ وزیر اعظم پاکستان نے خود اعلان کیا تھا کہ اس کو مکمل کرو۔ ڈیڑھ ارب روپے کی وجہ سے یہ پراجیکٹ نامکمل ہے۔ یہ پراجیکٹ بہت منافع بخش ہے۔ اس کو مکمل کرنے کے لئے چین بھی تیار ہے۔ ہر ایک تیار ہے۔ اگر یہ امتیازی سلوک نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ ۲۵ سال سے یہ پراجیکٹ لٹک رہا ہے۔ وہاں ۱۵۰۰ ملازمین ہیں جن کو تنخواہیں بھی نہیں مل رہی ہیں۔ کیا یہ ہمارے ساتھ انصاف ہے؟ کیا بلوچستان کے ساتھ یہ رویہ ہے؟

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! آپ کا سوال کیا ہے؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ بلوچستان کے ساتھ یہ دہرا معیار کیوں ہے؟ اگر یہ پراجیکٹ پنجاب میں ہوتا تو یہ کب کا بن چکا ہوتا۔ کوئی بھی ایک پراجیکٹ بتائیں جو پنجاب میں ۲۵ سال سے نامکمل ہو۔ ہم استعفیٰ دینے کے لئے تیار ہیں، ہمارے ساتھ اس طرح کیوں ہو رہا ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Petroleum.

چوہدری نثار علی خان: جناب چیئرمین! میں پہلے بھی گزارش کر چکا ہوں کہ اگر بلوچستان کے ساتھ ہمیں ہمدردی نہ ہوتی تو پچھلے سات سالوں میں اس پراجیکٹ پر ۱۶ ارب روپے خرچ نہ ہوتے۔ اب ڈیڑھ ارب روپے تو اپنی جگہ، آخر اس پراجیکٹ پر ۱۶ ارب روپے خرچ ہوئے ہیں۔ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ اس میں ۲ حکومتیں آئیں۔ پہلے

ہماری حکومت آئی، پھر PPP کی آئی، پھر ہماری حکومت آئی۔ دونوں حکومتوں نے خرچ کیا۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آج مشکلات ہیں مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ بلوچستان کو پیسہ ہی نہیں دیا جا رہا ہے۔ اسی پراجیکٹ پر ۱۶ ارب روپے خرچ ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین ، تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر ، جناب چیئرمین! پچھلے سیشن میں جناب راجہ نادر پرویز صاحب اس منسٹری کی نمائندگی فرما رہے تھے۔ جب میں نے چین کا ذکر کیا تھا تو انہوں نے جواب دیتے ہوئے کہا تھا، بلکہ انہوں نے خط پڑھ کر سنایا تھا کہ چین کی فرم it does not find it feasible. آج منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ جی نہیں ۔ وہ negotiations چل رہی ہیں۔ دونوں میں سے کون mislead کر رہا ہے۔ اس کا فیصلہ یہ خود کریں۔ ساتھ ہی ساتھ منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ جو پرائیویٹ بنک کا کنسورشیم تھا، جو پچھلے سال کام کر رہا تھا۔ They found it feasible and they were working on package. Because of the explosion وہ پیکیج رک گیا۔ اگر پرائیویٹ بنک اس کو feasible سمجھتے ہیں تو پبلک سیکٹر میں ۵۰، ۵۰ کروڑ کی کیوں pool نہیں کر سکتے اور ڈیڑھ ارب کیوں نہیں کئے جا سکتے ۔ The project remains feasible. The political will is lacking, sir.

Mr. Chairman: Minister for Petroleum.

چوہدری نثار علی خان ، جناب چیئرمین! political will کے متعلق تو میں کیا کہوں۔ ہمیں تو ورثے میں یہ پراجیکٹ تالا بند ملا تھا۔ میں سیاسی نقطہ نظر سے جواب نہیں دیتا۔ میں سیاسی بات کرتا ہوں تو یہ ناراض ہوتے ہیں۔ Political will پھر آپ نے کیوں نہیں کی؟ جب ہم نے اس کو take over کیا تو ملازموں کو تنخواہیں بھی نہیں مل رہی تھیں تو یہ صرف political will کا مسئلہ نہیں ہے۔ میں پبلک سیکٹر بنکوں کا نمائندہ نہیں ہوں ۔ I am the one who is requesting them for fund. میں پبلک

سیکٹر بنکوں کے پاس بھی گیا ہوں۔ میں پرائیویٹ سیکٹر بنکوں کے پاس بھی گیا ہوں۔ پاکستان میں جو بین الاقوامی بنک کام کر رہے ہیں میں ان کے پاس بھی گیا ہوں۔ جو کنسورشیم بن رہا تھا جیسا کہ میں نے گزارش کی کہ وہ تو ہمارا کام تھا ان کو یہ پراجیکٹ sale کرنا۔ اب یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے کیوں accept کر لیا اور پبلک سیکٹر بنکوں نے کیوں accept نہیں کیا۔ اب یہ justification تو میرے پاس نہیں ہے۔ میرا تو کام کسی طریقے سے ڈیڑھ ارب روپے اس پراجیکٹ کے لئے پیدا کرنا ہے۔

I am running between pillar to post. I have taken the Prime Minister to the project. I have gone to the public sector banks. I have gone to the private banks. I have gone to the International private banks working in Pakistan. I have gone to the Chinese Government myself. I have sent my Chief Executive twice and now again for the third time.

اب باتوں سے بات نکالنا۔ راجہ نادر پرویز تو اس وزارت کے وزیر انچارج نہیں ہیں۔ I have been to abroad انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ as of then, which was about a month ago ہمارا جو Chinese Government response سے آیا وہ positive نہیں تھا۔

The moment I came back. I took it up with theChinese Ambassador here. I got our Prime Minister to interact with their senior leadership and they have now agreed, they have now accepted to take...

(interruption)

جناب چیئرمین۔ پلیز زاہد خان صاحب! جواب آنے دیں۔

چوہدری نثار علی خان۔ میں آپ کی تسلی کے لئے بتا دیتا ہوں کہ ایک پیسہ بھی نہیں خرچ ہوا۔ اور

they have invited a delegation which is due to go to China next month, we will continue to run between pillar to post.

بجائے اس کے کہ تنقید پر تنقید کریں یہ ہمیں support کریں، کوشش کریں۔

Let us put together a package which is in the interest of this project and which is in the interest of Balochistan.

Mr. Chairman: Jamiluddin Aali Sahib.

Dr. Jamiluddin Aali: Sir, this matter has been hanging fire since long.

آپ دیکھیں۔ ۲۵ برس تقریباً اور خود گورنمنٹ کے بقول ۱۶ ارب، پچھلے سال تک تو ۱۵ ارب کہے جاتے تھے، ۲۵ برس اور ۱۶ ارب روپے کا اب تک investment ضائع ہو چکا ہے اور ہمیشہ question answer میں یہی بتا یا جاتا ہے۔ دو برس پہلے وزیر اعظم خود سینڈک تشریف لے گئے تھے۔ اس سے پہلے ایک Senate Standing Committee نے بھی سینڈک کا معاملہ بہت examine کیا تھا۔ تو ایک یا دو باتیں ہونی چاہیئں۔ وزیر صاحب جواب دیں کہ ان کو کونسی بات پسند ہے۔

ایک تو یہ کہ کیا وہ اپنے سینٹ کے دوستوں کو، چاہے ادھر بیٹھے ہوں چاہے ادھر بیٹھے ہوں، اس قابل سمجھتے ہیں کہ تین آدمیوں کی کمیٹی بنائیں جو یہ دیکھے کہ جو وہ فرمارہے ہیں کہ Chinese کو approach کی ہے۔ پچھلے سال بھی Chinese کو approach کی تھی۔ کہتے ہیں کہ باہر کے بنکوں سے بھی بات کی تھی۔ کس بنک سے بات کی تھی۔ اگر یہ project ذرا بھی viable ہے جیسا کہ وہ کہتے ہیں کہ inviable نہیں ہے۔ ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ inviable نہیں ہے۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ

it is viable. That means they are just .

Mr. Chairman: Please ask the question.

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ تو کیا وہ یہ کہیں گے یا پسند کریں گے کہ international market میں بہت سارے بنک بیٹھے ہوتے ہیں جو کہ financial arrangements کراتے ہیں۔ جو آپ کا assessment کرتے ہیں اور پھر آپ کو بتاتے ہیں کہ جی یہ ہو سکتا ہے۔ وہ اپنا کمیشن لمبا لیتے ہیں تو کیا یہ ایک سہ رکنی کمیٹی اس سینٹ کی اپنی مرضی سے بنائیں گے، ہم یہ نہیں چاہتے کہ وہ ادھر سے لیں یا ادھر سے لیں۔ نہیں، یہ ان کی مرضی ہو۔ ایک کمیٹی یہاں کی اور دو یا تین آدمی قومی اسمبلی کے، پانچ رکنی کمیٹی لینا چاہیں گے کہ جو ان کو advise کرے، پہلے تو جو یہ کر رہے ہیں اسے examine کرے کہ جو فرما رہے ہیں اس میں کس حد تک جان ہے۔ جان تو ضرور ہے لیکن کیا وہ صحیح خطوط ہیں۔ یا اس کا جواب دے یا پھر اس پر کسی دن بحث کریں۔

Mr. Chairman: OK. Minister for Petroleum.

چوہدری نثار علی خان۔ جناب! میں تھوڑی سی وضاحت کر دوں، پچیس سال سے نہیں تقریباً دس سال ہوئے ہیں کہ اس project کا افتتاح ہوا اور دس سال میں یہ project تقریباً مکمل ہو گیا تھا۔

جہاں تک ان کی دوسری proposal کا تعلق ہے میں کہتا ہوں کہ اس طرف سے نہیں آپ سہ رکنی کمیٹی، چھ رکنی کمیٹی اس طرف سے، صرف اور صرف Opposition members کی بنائیں۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ آپ کمیٹی بنا دیجیئے۔

جناب چیئرمین۔ اب سوال آ گیا، اب جواب سن لیں۔

چوہدری نثار علی خان۔ میں گورنمنٹ کے behalf پر ابھی آپ کو acceptance دے رہا ہوں۔ آپ اپنی طرف سے جو بھی نام تجویز کرتے ہیں میں

اسے accept کرتا ہوں۔ آپ آئیے، ہم مل بیٹھ کر اس پراجیکٹ پر بات کرتے ہیں
اور آپ guidance دیں ہم اس کو implement کریں گے۔

Mr. Chairman: Next question No. 6, Anwar Kamal Marwat Sahib.

6. * Mr. Anwar Kamal Khan Marwat: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) whether it is a fact that only one 50 KV transformer has been installed to supply electricity to three villages namely Nar Ayaz Wala, Kotka Shahzad, Kotka Bulbazar, Dkhli Gandi Khan Khel, via Seria Naurang, District Lakki Marwat;

(b) whether it is also a fact that the electricity being supplied to the said villages is of low voltage, if so, its reasons; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the government ot install a 100 KV transformer in village Nar Ayaz Wala, P.O. Gandi Khan Khel, via Seria Naurang, District Lakki Marwat, if so, when and if not its reasons?

Mr. Gohar Ayub Khan: (a) Yes, because there are only 50 consumers in these three Villages.

(b) No. it is not a fact.

(c) Yes, if it is technically found feasible it will be approved and implemented subject to availability of funds.

Mr. Chairman: Supplementary question?

جناب انور کمال خان مروت۔ جناب! میرا سوال جو تھا basically یہ تین گاؤں ہیں جن کو واپڈا کی طرف سے، پچاس کے لئے ایک ٹرانسفر دیا گیا ہے۔ میرا بنیادی مقصد یہ تھا کہ جو جواب مجھے موصول ہوا ہے، چونکہ میں خود اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں اور میں غلط بیانی بھی نہیں کروں گا لیکن جناب ان کے محکمے کی طرف سے جو جواب ملا ہے I am not satisfied with that answer. وہ کہتے ہیں کہ اس میں 50 صارف ہیں، تین گاؤں میں پچاس consumers کیسے ہو سکتے ہیں۔ میرا گاؤں ہے، میرا علاقہ ہے، مجھے معلوم ہے کہ ایک ایک گاؤں کی آبادی کم از کم سو یا ڈیڑھ سو کے سے قریب کی آبادی ہے اور ان تین گاؤں کی آبادی اگر اکٹھی کرلیں تو یہ تقریباً ۴۰۰۔ ۵۰۰ گھرانے کی آبادی بن جاتی ہے۔ آخری جو جواب انہوں نے دیا ہے اس میں وہ کہتے ہیں کہ اگر یہ feasible ہو تو اس کے بعد اور funds بھی اگر ہمیں ملیں تو اس کے بعد پھر گورنمنٹ یہ سوچے گی۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے ابھی تک feasibility report ہی نہیں لی ہے کہ آیا اس کی آبادی پچاس ہے یا پچاس سے زیادہ ہے۔ میں تو خود اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں لیکن کیا یہ assurance دیں گے کہ اگر واقعی اس کی feasibility بنتی ہے تو وہ 50 KV اور 100 KV کے ٹرانسفارمر لگائیں گے۔ آجکل کے زمانے میں آپ اندازہ لگائیں کہ لوگوں کو بجلی میسر نہ ہو ۔ 100 KV کے ٹرانسفارمر پر نہ اتنا زیادہ پیسہ لگتا ہے اور نہ ہی کوئی problem ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Water and Power.

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! جب یہ سوال کیا گیا تھا اسی وقت Superintending Engineer نے علاقے کا survey کیا، estimates بنائے اور امکان ہے کہ جلد ہی 100 KV کا ٹرانسفارمر وہاں sanction کر کے لگا دیا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ زاہد خان صاحب۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب! میرا معزز وزیر صاحب سے بڑے ادب کے ساتھ سوال ہے کہ کیا واپڈا میں منسٹر صاحب کے احکامات کو مانا جاتا ہے یا نہیں کیونکہ اخبارات کے ذریعے تو ایسی خبریں آ رہی ہیں کہ واپڈا میں منسٹر صاحب کے order نہیں مانے جاتے۔ جناب! اس کا جواب ضروری ہے ۔ آپ سینٹ میں سوالات کے جوابات دے رہے ہیں' کیا ان پر عمل ہوتا ہے کہ نہیں۔ ان کے orders obey ہوتے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں ہوتے تو میرے خیال میں ہم سوالات نہ کریں۔

جناب چیئرمین۔ وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان ۔ جناب چیئرمین صاحب! Rules of Business very clear ہیں۔ کوئی violate کرتا ہے تو .you know what happens

جناب چیئرمین۔ جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جناب چیئرمین! میرا سپلیمنٹری سوال یہ ہے کہ آیا ہمارے وزیر صاحب یہ بتائیں گے جیسا کہ انور کمال صاحب نے کہا کہ آجکل ہر علاقے سے شکایت آ رہی ہے کہ 25 KV اور 50 KV کے transformers جلے ہوئے ہیں ' ان کی repair یا replacement کا کوئی طریقہ کار ہے۔ میں معزز وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آیا NWFP میں اور خاص طور پر ایبٹ آباد ڈسٹرکٹ میں جہاں جہاں transformers جلے ہوئے ہیں وہاں نئے لگانے یا repair کرنے کے احکامات جاری کریں گے۔ اگر کریں گے تو یہ کب تک مکمل ہوں گے۔

جناب چیئرمین۔ وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! فرنٹیئر اور باقی تمام پاکستان میں جہاں جہاں transformers جل جاتے ہیں' وہاں ہر area میں ایک roster تیار کیا گیا ہے ' اس priority کے مطابق اگر number one ہوتا ہے تو اس کو according to that roster replace کیا جاتا ہے۔ پہلے لاہور اور مختلف جگہوں پر جاتے

تھے لیکن اب ان کو centralize کر لیا گیا ہے۔ Transformers کی shortage ضرور تھی ۔ انشاء اللہ ہم اس کو جلد حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پرائم منسٹر صاحب نے جو 7.5 billion روپے کے funds allocate کئے ہیں یہ honourable Senatorsاور MNA's کو بھی ملیں گے ۔ اس سے یہ چار ہزار دیہات cover ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین۔ حاجی گل آفریدی صاحب۔

حاجی گل آفریدی۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔ میں نے تو سینڈک پراجیکٹ کے متعلق کئی دفعہ ہاتھ اٹھایا لیکن اب تو وہ ختم ہو گیا ۔ وہ اس موقع کی بات تھی۔ میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال منسٹر صاحب نے خود فرمایا تھا کہ 45, 45لاکھ روپے کا fund ہر سینیٹر کو دیں گے، وہ بھی نہیں ملے اور اب اس سال میرے خیال میں کچھ مہینے گزر گئے ہیں یا کچھ مہینے رہ گئے ہیں، کیا یہ فنڈ دینے کا کوئی ارادہ ہے بجلی کے کام کے لئے جس کی ہمارے قبائلی علاقے میں زیادہ ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین۔ وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! 45 لاکھ پہلے تھا لیکن واپڈا کی طرف سے اعشاریہ 8 بلین روپے lapse ہو گیا تھا جو کہ foreign component ہے، اس طرح وہ کم ہو کر 22 لاکھ روپیہ ہو گیا ہے۔ جن جن members کو ongoing schemesکے لئے allocate کیا گیا تھا وہ لگے گا اور non-lapsable ہو گا۔ جو موجودہ مالی سال 1999-2000ء کے لئے ہے اس کے بارے میں، میں نے ابھی بتایا ہے کہ 7.5 billion روپے allocate کئے گئے ہیں اور بجٹ میں بھی ہے ۔ ہر ممبر کو اندازاً 4 کروڑ کے لگ بھگ Prime Minister's Development Fund دیا جائے گا۔ وہ اسے بجلی کے لئے استعمال کریں یا farm to market road کے لئے کریں، ان کی مرضی ہو گی۔

جناب چیئرمین۔ صوبیدار مندوخیل صاحب۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ جناب چیئرمین صاحب! شکریہ۔ میں معزز وزیر صاحب سے یہ پوچھوں گا کہ آج جو واپڈا سے billing آتی ہے وہ بہت ہی heavy amount کی ہوتی ہے۔ کچھ لوگ شکایت کرتے ہیں کہ ہمارے میٹر خراب ہیں ' کوئی کچھ کہتا ہے ' کوئی کچھ کہتا ہے ۔ میں ان سے یہ پوچھوں گا کہ

is there any suitable way to check the meters of the consumers?

